## کراچی سمیت ملک بھر میں 19 جون 92ء کے حق پرست شہداء کی 18 ویں برسی منائی گئی

## آزاد کشمیر، گلگت بلتستان سمیت ملک بھر میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد ہوئے

## الطاف حسین کے بھائی ناصر حسین، بھتیجے عارف حسین سمیت تمام شہداء کی قبروں پر رابطہ کمیٹی نے حاضری دی

کراچی ۔۔۔19/جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت 19 جون کا دن یوم سیاہ کے طور پر منایا گیا اور تحریک کے تمام حق پرست شہداء کی 18 ویں برسی انتہائی عقیدت واحترام سے منائی گئی۔اس سلسلے میں آزاد کشمیر، گلگت بلتستان سمیت ملک بھر میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کیے گئے اور شہدائے حق کو زبردست خراج عقیدت وسلام عقیدت پیش کیا گیا۔ برسی کے سلسلے میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا مرکزی اجتماع ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو سے متصل لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد کراچی میں ہوا جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائمخانی، ارکان رابطہ کمیٹی واسع جلیل، کنور خالد یونس، کنور نوید جمیل، جاوید کاظمی، رضا ہارون، ڈاکٹر صغیر احمد، ڈاکٹر نصرت، شکیل عمر، اشفاق منگی، نیک محمد، سلیم تاجک، کیف الوریٰ، شاہد لطیف، افتخار اکبر رندھاوا، توصیف خانزادہ، سیف یار خان، قاسم علی رضا، محترمہ نسرین جلیل، آنسہ ممتاز انوار، حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء، سینیٹرز، مشیران، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، سابقہ حق پرست بلدیاتی نمائندے، ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے ارکان، سیکٹرز ویونٹس کمیٹی کے ارکان، کارکنان، ہمدردوں، شہداء کے لواحقین اور لاپتہ ساتھیوں کے اہلخانہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا اور حق پرست شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئیں بعدازاں ایم کیوایم کے حق پرستانہ پیغام کی کامیابی، 28 لاپتہ کارکنان کی بازیابی، ایم کیوایم کے خلاف سازشوں اور شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کے خاتمے کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے بھی دعا کی گئی۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست منتخب عوامی نمائندوں اور ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے ارکان نے قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے شہداء قبرستان سمیت مختلف قبرستان کا دورہ کیا اور قائد تحریک الطاف حسین کے بھائی ناصر حسین شہید، بھتیجے عارف حسین شہید سمیت تمام حق پرست شہداء کی قبروں پر فاتحہ خوانی کی اور پھول چڑھائے۔

اسی طرح حیدرآباد، سکھر، نوابشاہ، جیکب آباد، قمبر شہداد کوٹ، شکارپور، کشمور، خیرپور، گھوٹکی، نوشہرو فیروز، لاڑکانہ، دادو، بدین، ٹھٹھہ، سانگھڑ، میرپور خاص، ٹنڈوآدم، جامشورو اور عمرکوٹ کے زونل دفاتر جبکہ صوبہ پنجاب، صوبہ بلوچستان، صوبہ خیبر پختونخواہ، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان میں بھی 19 جون 92ء کے شہداء کی 18 ویں برسی عقیدت واحترام سے منائی گئی اور تمام شہداء حق کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کیے گئے اور تمام حق پرست شہداء کو زبردست خراج عقیدت وسلام عقیدت پیش کیا گیا۔

## 19 جون 1992ء کے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں فاتحہ خوانی کی گئی

لندن۔۔۔19 جون 2010ء

19 جون 1992ء کے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے آج ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں فاتحہ خوانی کی گئی جس میں رابطہ کمیٹی کے ارکان اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے اراکین نے شرکت کی۔اس موقع پر 19 جون 1992ء اور ایم کیوایم کے خلاف آپریشن کے دوران شہید ہونے والے تمام کارکنوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا، ان کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی اور تحریک کی کامیابی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

☆☆☆☆☆